# PM delivers keynote address at High-Level Segment of ECOSOC

July 17, 2020

----------------------------------------------------------------------------------------------------

## وزیر اعظم کا ECOSOC (اقوام متحدہ کی اقتصادی اور سماجی کونسل) کے اعلی سطحی طبقہ میں کلیدی خطاب

17 جولائی، 2020

**وزیر اعظم نے ایک اصلاح شدہ کثیر الجہتی عالمی نظام کا مطالبہ کیا جس کا اہم پہلو اصلاح شدہ اقوام متحدہ ہے۔**

**ہمارا نعرہ "سب کا ساتھ، سب کی ترقی، سبکا اعتماد" پائیدار ترقی کے اہداف کے کسی کو پیچھے نہ چھوڑنے کے بنیادی اصول کے مطابق ہے: وزیر اعظم**

**ترقی کی راہ پر گامزن ہوتے ہوئے ہم اپنے سیارے کے بارے میں اپنی ذمہ داری کو نہیں بھول رہے ہیں: وزیر اعظم**

**ہمارا بنیادی صحت کا نظام، کوویڈ وبا کے خلاف جنگ میں ہندوستان کو دنیا کی بہترین صحتیابی شرح حاصل کرنے والے ممالک میں سے ایک ملک ہونے میں مدد فراہم کررہا ہے: وزیر اعظم**

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے 17 جولائی 2020 کو نیویارک میں اقوام متحدہ میں جمعہ کو اقوام متحدہ کی اقتصادی اور سماجی کونسل (ECOSOC) کے اس سال کے اعلی سطحی اجلاس کے شیشن میں ورچوئل طور پر ایک کلیدی خطاب کیا۔

وزیر اعظم کا اقوام متحدہ کی وسیع تر رکنیت کے سامنے یہ پہلا خطاب تھا جب سے ہندوستان کو سلامتی کونسل کے غیر مستقل ممبر کی حیثیت سے 17 جون کو 2021-22 کے لئے بھاری اکثریت سے چنا گیا تھا۔

اس سال کے اقتصادی اور سماجی کونسل کے اعلی سطحی اجلاس کا مرکزی موضوع "COVID19 کے بعد کثیر الجہتی: ہمیں 75 ویں سالگرہ کے موقع پر کس طرح کے اقوام متحدہ کی ضرورت ہے"۔

اقوام متحدہ کے قیام کی 75 ویں سالگرہ کے موقع پر، یہ موضوع ہندوستان کی سلامتی کونسل میں آنے والی رکنیت کی ترجیحات کے ساتھ بھی میل کھاتا ہے۔ وزیر اعظم نے ہندوستان کے کوویڈ 19 کے بعد کی دنیا میں ایک 'اصلاحی کثیرالجہتی' نظام کے مطالبے کا اعادہ کیا، جو عصری دنیا کی حقیقتوں کی عکاسی کرتا ہے۔

اپنے خطاب میں وزیر اعظم نے پائیدار ترقیاتی اہداف سمیت، اقوام متحدہ کی اقتصادی اور سماجی کونسل اور اقوام متحدہ کے ترقیاتی کاموں کے ساتھ ہندوستان کی طویل وابستگی کو یاد کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان کا ‘سب کا ساتھ، سب کی ترقی، سبکا اعتماد" کا ترقیاتی نظریہ، پائیدار ترقی کے اہداف کے کسی کو پیچھے نہ چھوڑنے کے بنیادی اصول کے مطابق ہے۔

وزیر اعظم نے نشاندہی کی کہ ہندوستان کی اپنی وسیع آبادی کے سماجی و اقتصادی شرح کو بہتر بنانے میں کامیابی کا عالمی پائیدار ترقیاتی اہداف پر ایک خاص اثر پڑا ہے۔ انھوں نے دوسرے ترقیاتی ممالک کو بھی پائیدار ترقیاتی اہداف کی تکمیل میں بھارت کے مدد کرنے کے عزم کے بارے میں بات کی۔

انہوں نے ہندوستان کی جاری ترقیاتی کوششوں کے بارے میں بات کی، جن میں " صاف بھارت مہم" کے ذریعے صفائی تک رسائی کو بہتر بنانا، خواتین کو با اختیار بنانا، مالی شمولیت کو یقینی بنانا، اور "سب کے لئے رہائش" پروگرام اور "آیوشمان بھارت" جیسی اسکیموں کے ذریعہ رہائش اور صحت کی خدمات کی دستیابی کو بڑھانا شامل ہیں۔

وزیر اعظم نے ماحولیاتی استحکام اور حیاتیاتی تنوع کے تحفظ پر ہندوستان کی توجہ کو بھی اجاگر کیا، اور بین الاقوامی شمسی اتحاد اور آفات سے لڑنے والے بنیادی ڈھانچہ کے اتحاد کے قیام میں ہندوستان کے نمایاں کردار کو بھی یاد کیا۔

اپنے خطے میں پہلے جواب دہندہ کی حیثیت سے ہندوستان کے کردار کے بارے میں بات کرتے ہوئے وزیر اعظم نے ہندوستانی حکومت اور ہندوستانی دوا ساز کمپنیوں کی طرف سے مختلف ممالک کو دوائیوں کی فراہمی کو یقینی بنانے، اور سارک ممالک کے مابین مشترکہ رد عمل کی حکمت عملی کے لئے فراہم کردہ امداد کو یاد کیا۔

یہ دوسرا موقع تھا جب وزیر اعظم نے اقوام متحدہ کی اقتصادی اور سماجی کونسل سے خطاب کیا۔ اس سے قبل انہوں نے جنوری 2016 میں اقوام متحدہ کی اقتصادی اور سماجی کونسل کی 70 ویں سالگرہ کے موقع پر کلیدی خطاب کیا تھا۔

**نئی دہلی**

**17 جولائی، 2020**

DISCLAIMER : This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release